شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

19 مئی 2026ء

پریس ریلیز

ذوالحجہ کی مبارک ساعتوں میں عازمینِ حج دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں کو اپنی خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ مسلم ممالک کے سربراہان حج کے موقع پر مکہ مکرمہ میں خصوصی کانفرنس کا انعقاد کرکے تمام طاغوتی قوتوں کے خلاف عملی اقدامات کا اعلان کریں۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): ذوالحجہ کی مبارک ساعتوں میں عازمینِ حج دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں کو اپنی خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ مسلم ممالک کے سربراہان حج کے موقع پر مکہ مکرمہ میں خصوصی کانفرنس کا انعقاد کرکے تمام طاغوتی قوتوں کے خلاف عملی اقدامات کا اعلان کریں۔ ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر سے لاکھوں کی تعداد میں عازمین حج مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں موجود ہیں اور ذوالحجہ کے پہلے عشرہ کی بابرکت ساعتوں میں اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگ رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس مبارک عشرہ میں دنیا کے ہر کونے سے لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ کا نعرہ بلند کرکے اللہ وحدہ لاشریک کی کبریائی کا اقرار کیا جاتا ہے۔ امیر تنظیم نے اپیل کی کہ دنیا بھر کے مسلمان خصوصاً حجاج کرام غزہ، مغربی کنارے، لبنان، مقبوضہ کشمیر اور دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں کو اپنی خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں جن پر ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل اور ابلیسی اتحادِ ثلاثہ میں اُس کے اتحادی امریکہ اور بھارت نہ صرف مسلسل ظلم و ستم ڈھا رہے ہیں بلکہ اِن بے یار و مددگار مسلمانوں کی نسل کُشی پر تُلے ہوئے ہیں۔ انہوں نے مسلمان ممالک کے سربراہان اور مقتدر حلقوں کی غیرتِ ایمانی اور حمیتِ دینی کو جگاتے ہوئے کہا کہ حج کے موقع پر مکہ مکرمہ میں ایک خصوصی کانفرنس کا انعقاد کرکے اسرائیل اور امریکہ سمیت اُن کے معاونین کے خلاف عملی اقدامات کا اعلان کیا جائے۔ مسجدِ اقصیٰ کی حرمت کی پامالی کو روکنے اور دنیا بھر میں مظلوم مسلمانوں کی عملی دادرسی کے لیے متحد ہو کر سیاسی، معاشی اور عسکری لائحہ عمل ترتیب دیا جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ یہود و ہنود کا گٹھ جوڑ ایک کھلی حقیقت ہے۔ پاکستان کی دشمنی میں بھارت اور اسرائیل یک جان ہیں، جس کا برملا اظہار ایک عرصہ سے دونوں ممالک کے اعلیٰ عہدیداران کر رہے ہیں اور گزشتہ برس بھارت کی جانب سے پاکستان کے خلاف اسرائیل کی معاونت سے جنگ مسلط کیے جانے کی کوشش سے بھی ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان میں اسلام کے نظامِ عدلِ اجتماعی کا نفاذ کیا جائے تاکہ تمام دشمنوں کو دنداں شکن جواب دیا جاسکے، عوام کو سیاسی، معاشی اور معاشرتی سطح پر عدل بھی میسر آئے اور ہم دنیا و آخرت دونوں میں سرخرو ہو سکیں۔

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت